نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729   E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کے کاشتکار کٹائی کے بعد مڈھوں کو آگ لگانے سے گریز کریں:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے فضائی آلودگی (سموگ) پیدا ہوتی ہے اور اس سے زمین کے نامیاتی مادہ کو نقصان پہنچتا ہے۔

لاہور 25 ستمبر 2023:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے فضائی آلودگی (سموگ) پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے انسانی زندگی، فصلات، باغات اور سبزیوں پر منفی اثرات مرتب ہونے کا اندیشہ موجود ہوتا ہے۔حکومت پنجاب نے امسال دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے والے عناصر کے خلاف 15 ہزار روپے فی ایکڑ جرمانہ،ایف آئی آر کا اندراج اور گرفتاری کا حکم جاری کیا ہے۔اس لئے دھان کے کاشتکار مڈھوں کی تلفی کیلئے محکمہ زراعت کی ہدایات پر عمل کریں۔ترجمان نے مزید کہا کہ دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے نہ صرف زمین کی بالائی سطح پر موجود نامیاتی مادہ کو نقصان پہنچتا ہے اور زمین کی زرخیزی متاثر ہوتی ہے۔دھان کے کاشتکار مڈھوں کی تلفی کیلئے سپر/ہاک سیڈر کا ترجیحاً استعمال کریں کیونکہ اس سے دھان کے مڈھ کٹائی کے دوران تلف ہو جاتے ہیں۔دھان کے کاشتکار مڈھوں کو آگ لگانے کی بجائے زمین میں ملا کر زرخیزی میں اضافہ کریں۔دھان کے مڈھوں کو تلف کرنے کیلئے کاشتکار روٹاویٹر اور مشین سے کٹائی کی صورت میں ڈسک ہیرو کی مدد سے فصل کی باقیات کو زمین میں ملا دیں یا گہرا ہل چلا کر آدھی بوری یوریا فی ایکڑ چھٹہ کر کے پانی لگا دیں۔اس سے زمین کی زرخیزی اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ترجمان نے مزید بتایا ہے کہ امسال محکمہ زراعت کی ٹیمیں دھان کے مڈھوں کو آگ نہ لگانے کے لئے مانیٹرنگ کر رہی ہیں۔دھان کے کاشتکاروں کو اپیل کی جاتی ہے کہ اس سلسلے میں محکمہ سے مکمل تعاون کریں کیونکہ سموگ کی وجہ سے انسانی زندگیوں پر براہ راست منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں لہٰذا عوامی مفاد کے پیش نظر کاشتکار دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے گریز کریں تاکہ ہمارا ماحول فضائی آلودگی سے بچا رہے۔

☆☆☆☆